BRAMPTON

**Media Release**

برائے فوری اجراء

# پرفارمنگ آرٹس برامپٹن سیزن برائے 2022/2023 کا اعلان کر دیا گیا ہے

برامپٹن، آن (18 مئی 2022) – سٹی آف برامپٹن اپنے 2022/2023 پرفارمنگ آرٹس برامپٹن سیزن کا اعلان کرنے کے لیے پرجوش ہے، جس میں سب کے لیے لائیو میوزک، کامیڈی اور تھیٹر کے تفریحی پروگرام پیش کیے جائیں گے۔ دو بڑی سیریز یعنی 'پرفارمنگ آرٹس برامپٹن پریزنٹس' اور 'دِس اِز برامپٹن' پر مشتمل ان پروگراموں کے ذریعے سامعین شہر کے چاروں پرفارمنگ آرٹس مقامات - یعنی دی روز، LBP تھیٹر، سائرل کلارک تھیٹر اور گارڈن اسکوائر میں پیش کی جانے والی دلچسپ پروڈکشنز کا لطف اٹھائیں گے۔

اس سیزن میں، 'پرفارمنگ آرٹس برامپٹن پریزنٹس' میں مشہور موسیقاروں، کینیڈین لیجنڈز، کامیڈی کے عظیم ناموں اور عالمی شہرت یافتہ تھیٹر اور سِرک شامل ہیں، بشمول ذیل:

- ٹوم کوچرین بمعہ ریڈ رائیڈر (Tom Cochrane with Red Rider)
- کِنکی بُوٹس (Kinky Boots)
- دی ٹینورز (The Tenors)
- جیکز گفٹ (Jake’s Gift)
- جونی ریڈ، لوو سَم ون ٹؤر (Johnny Reid, Love Someone Tour)
- وینیسا ولیمز (Vanessa Williams)
- این آف گرین گیبلز، پیشکش کینیڈاز بیلے جورجن (Anne of Green Gables presented by Canada’s Ballet Jörgen)
- اینیمل، پیشکش سِرک الفون (Animal presented by Cirque Alfonse)
- سیرینا رائیڈر (Serena Ryder)
- شان مجمدر، لوو ٹؤر (Shaun Majumder, Love Tour)
- دی اوریجنل ویلرز (The Original Wailers)
- جین آرڈین (Jann Arden)
- پیڈنگٹن گیٹس اِن اے جیم (Paddington Gets in a Jam)
- رابرٹ کرے (Robert Cray)
- پال ریہسر (Paul Reiser)
- دی اگلی ڈکلنگ، تیار کردہ لائٹ وائر تھیٹر (The Ugly Duckling produced by Lightwire Theater)
- بِگ ریک (Big Wreck)
- جسٹ فار لافز (Just for Laughs)
- اور مزید بہت کچھ!

'پرفارمنگ آرٹس برامپٹن' فنکاروں کو نمایاں کرنے اور اپنی کمیونٹی کی عکاسی کرنے، اسے فروغ دینے اور اس کا جشن منانے کے لیے مقامی تنظیموں کے ساتھ شراکت داری کرنے کے لیے پُرعزم ہے۔ شریک پریزنٹیشن پارٹنرز میں روز آرکسٹرا، برامپٹن کنسرٹ بینڈ اور برامپٹن میوزک تھیٹر شامل ہیں۔

*دِس اِز برامپٹن* کی اسٹوڈیو II میں واپسی، جو برامپٹن کی غیر معمولی صلاحیتوں کے حامل فنکاروں لیے ایک مکمل پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے، نیز انہیں فنکارانہ صلاحیتوں کی ترقی کے مواقع بھی فراہم کرتا ہے۔ سیریز کے کیوریٹرز میں بی جازڈ، آف دی ریکارڈ، سٹینڈ اپ سٹِچز، ساؤنڈ ڈرائیو ریکارڈز، سپیڈز میڈیا، کریٹ کلیش، کیوریا!سٹی (QueeriAH!city) کے علاوہ HYPE اور بلیوبرڈ برامپٹن شامل ہیں۔

جیسا کہ ہم کووڈ-19 وبائی مرض سے بحالی کی جانب گامزن ہیں، 'پرفارمنگ آرٹس برامپٹن' برامپٹن میں لائیو تفریح کو سب کے لیے قابل رسائی بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ اس تفریح کو سب کے لیے قابل برادشت رکھنے کے لیے ٹکٹ کی قیمتوں میں کمی کی گئی ہے اور مختلف شوز کے لیے ٹکٹ کی قیمت صرف 20$ سے شروع ہوتی ہے۔

2022/2023 سیزن کے ٹکٹ 26 مئی کو روز تھیٹر کے ممبران کے لیے اور 10 جون کو عوام کے لیے فروخت کے لیے پیش کیے جائیں گے۔ پورا شیڈول دیکھنے، ٹکٹ خریدیں اور مزید جاننے کے لیے، therosebrampton.ca ملاحظہ کریں یا باکس آفس کو 905.874.2800 پر کال کریں۔

*پرفارمنگ آرٹس برامپٹن اپنے 2023-2022 کے سیزن کے درج ذیل اسپانسرز کا تہہ دل سے شکرگزار ا ہے: 45 ریل روڈ، الگوما یونیورسٹی، فیلڈ گیٹ ڈویلپمنٹس، میریڈیئن کریڈٹ یونین اور نارتھ ویسٹ لیکسس۔*

**گارڈن اسکوائر پر تقریبات**

ڈاون ٹاؤن برامپٹن کے مرکز میں فنون، ثقافت اور کمیونٹی کا تجربہ کریں۔ گارڈن اسکوائر میں پورے موسم گرما کے دوران مفت تفریح کا لطف اٹھائیں بشمول 16 جون سے شروع ہونے والی جمعرات کی رات کی فلمیں، پاپ اپ ایکٹیویشن، تہوار اور خصوصی تقریبات۔

- 19 جون: پرائیڈ 2022، پیشکش ٹی ڈی (Pride 2022 presented by TD)
- 9 جولائی: آٹھویں سالانہ ایسٹ کوسٹ کچن پارٹی (8th Annual East Coast Kitchen Party)
- 22 اور 23 جولائی: وائبرینٹ برامپٹن (Vibrant Brampton)
- 31 جولائی: جمبانا ™ ون ورلڈ فیسٹیول (JAMBANA™ One World Festival)
- 13 اگست: سٹاپ 'این سٹیمپیڈ (Stomp ‘N Stampede)
- 30 سمتبر: سچائی اور مفاہمت کا قومی دن؛ ایک آؤٹ ڈور کنسرٹ جس میں JUNO ایوارڈ یافتہ مقامی پروگ راک جوڑی، کراؤن لینڈز پر مشتمل ہے

*گارڈن اسکوائر کے موسم گرما کے پروگراموں کو نو فریلز، TD، ٹم ہارٹنز اور ٹورانٹو پیئرسن کی طرف سے فراخدلانہ تعاون حاصل ہے۔*

**اقتباسات**

"پرفارمنگ آرٹس برامپٹن، ہمارے شہر میں شاندار پروگرام پیش کرتا ہے اور انہیں تفریح سے بھرپور ایک اور سیزن ملا ہے جس سے پورا خاندان لطف اندوز ہو سکتا ہے۔ پرفارمنگ آرٹس لوگوں کو اکٹھا کرنے کی طاقت رکھتا ہے اور جیسے ہی ہم ذاتی طور پر معنقد کی جانے والی تقریبات کی طرف واپس لوٹے ہیں، تو ہمیں پرفارمنس کی مکمل لائن اپ کا انتظار کرنا بہت اچھا لگ رہا ہے۔ اپنا پسندیدہ شو تلاش کریں اور آج ہی اپنے ٹکٹ حاصل کریں!"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"میں 2022/2023 سیزن کے لیے لائن اپ دیکھنے اور اپنے سرپرستوں کو ایک سال کی لائیو پرفارمنس میں خوش آمدید کہنے کے لیے پرجوش ہوں۔ برامپٹن مختلف کمیونٹیز کی خوبصورت عکاسی کرتا ہے، جہاں ہم آرٹ، ثقافت اور تفریح کا جشن مناتے ہیں اور میں شو دیکھنے کے لیے بے چین ہوں۔"

- *ہرکیرات سنگھ، سٹی کونسلر وارڈز 9 اور 10؛ چیئر، کوآپریٹ سروسز، سٹی آف برامپٹن*

"کچھ سالوں کے بعد، میں برامپٹن میں ان دلکش پروگراموں کے مکمل سیزن کی واپسی کو دیکھ کر بہت خوش ہوں۔ سٹی آف برامپٹن کی پرفارمنگ آرٹس ٹیم نے کامیڈی، موسیقی، ڈرامے اور دیگر بہت سے پُرلطف پروگراموں سے بھرے اس سیزن کی تیاری میں غیر معمولی کام کیا ہے، جو تھیٹر دیکھنے والے ہر عمر کے ہر شخص کو خوش کر دے گا۔"

- *پال موریسن، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

"بین الاقوامی اور کینیڈا کے فنکاروں کے ساتھ ساتھ، ہمارے 2022-23 کے سیزن میں برامپٹن کے اپنے مقامی فنکاروں کی مزید پرفارمنس، برامپٹن آرٹس آرگنائزیشنز کے ساتھ گہری شراکت داری، برامپٹن کے فنکاروں کے لیے اپنے اسٹیجوں پر خود کو جلوہ گر کرنے کے مزید مواقع اور ہمارے اسٹیجوں پر دیگر فنکاروں کے لیے فنون کے مظاہروں کے مزید مواقع شامل ہیں، جس میں ہمارے سامعین برامپٹن کی متنوع کمیونٹیز کی جانب سے پیش کیے جانے والے خوبصورت اور رنگا رنگ پروگراموں کا لطف اٹھا سکیں گے۔"

- *سٹیون شیپر، ایگزیکٹو آرٹسٹک ڈائریکٹر، پرفارمنگ آرٹس، سٹی آف برامپٹن*

30--

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 لوگوں اور 75,000 کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

سٹی آف برامپٹن کا پرفارمنگ آرٹس ڈویژن برامپٹن کی منفرد ثقافتی شناخت اور متحرک تخلیقی صلاحیتوں کو سامنے لانے میں بھرپور کردار ادا کر رہا ہے، جس کا مقصد اپنی کمیونٹی کی فنکارانہ مہارتوں کو شاندار درجہ پر لے کر جانا اور کمیونٹی کی باہمی وابستگی میں اضافہ کرنا ہے۔ یہ ڈویژن برامپٹن کے ان چار مقامات پر خدمات پیش کرتا ہے: دی روز، LBP تھیٹر، سائرل کلارک تھیٹر اور گارڈن اسکوائر۔ مزید جانیں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca